# شاندار نیلام عام منڈی مویشیاں ٹیکسلا کینٹ

کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کینٹ اپنی حدود میں واقع منڈی مویشیاں برلب جی ٹی روڈ کا نیلام عام برائے عرصہ تین سال 12-10-2025 تا 11-10-2028 تک کے لئے مورخہ 16 جون 2025 بوقت 12 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا چھاؤنی میں کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد کر دی گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 17 جون 2025 کو منعقد ہوگی اگر کسی وجہ سے دوبارہ نیلامی نہ ہو سکی تو سہ بارہ نیلامی مورخہ 18 جون 2025 منعقد ہوگی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ بولی کی آفر سالانہ کی بنیاد پر ہوگی جس پر 10% سالانہ کے حساب سے اگلے دو سالوں کے لئے اضافہ ہوگا۔

**تفصیلات اور شرائط حسب ذیل ہیں۔**

1۔ داخلہ فیس 100 روپے

2۔ خریداری فارم کی فیس بحساب طے شدہ قیمت کا پانچ فیصد

**شرائط نیلامی**

1۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات / فرم / کمپنی بولی شروع ہونے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/2,00,00,000 (دو کروڑ روپے) بصورت بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر ٹیکسلا چھاؤنی بمعہ کاپی شناختی کارڈ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو کہ ناکام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیئے جائیں گے۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کی چار (04) ماہ کی اقساط علاوہ زر بیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوں گی۔ جو کہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی جمع رہے گی۔ کامیاب بولی دہندہ چار (04) ماہ کی اقساط موقع پر جمع نہیں کرواتا تو اس کا پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ بحق کینٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط تصور ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل رقم کا انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق یک مشت ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی (20) تاریخ تک ماہانہ قسط جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ماہانہ قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں مبلغ 10,000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور لگاتار تین ماہ کی قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط ہو جائے گا۔

5۔ منڈی مویشیاں بروز جمعہ منعقد ہوا کرے گی البتہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ٹھیکیدار ایک تا بارہ ذوالحج تک منڈی لگانے کے حقدار ہوں گے۔

6۔ جانوروں کی خرید و فروخت صرف منڈی میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی شخص یا ادارے کو چھاؤنی حدود میں کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید و فروخت کی اجازت نہ ہوگی۔ اگر کوئی فرد / افراد منڈی مویشیاں کے علاوہ مویشی فروخت کرتا ہوا پایا گیا تو ٹھیکیدار اس فرد / افراد سے مبلغ 5000 روپے (فی چھوٹا جانور) اور مبلغ 10,000 روپے (فی بڑا جانور) کے حساب سے جرمانہ وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

7۔ منڈی میں موجود کنٹونمنٹ بورڈ کی فراہم کردہ سہولیات ٹھیکیدار کے چارج پر ہوں گی۔

8۔ منڈی کی صفائی ستھرائی کی مد میں ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کے (Conservancy Charges) بورڈ سے منظور شدہ ریٹس کے حساب سے دینے کا پابند ہوگا۔

9۔ منڈی کے دن لگائے جانے والے سٹالز، خوانچے، چائے اور کھانے کے سٹالز اور کھوکھوں سے آمدنی کا اختیار ٹھیکیدار کو ہوگا تاہم وہ کنٹونمنٹ بورڈ سے ایسے تمام سٹالز کی منظوری لے گا۔

10۔ کوئی ایسا ٹھیکیدار یا بولی دہندہ یا کمپنی جو کنٹونمنٹ بورڈ کا ڈیفالٹر ہو بولی دینے کا اہل نہ ہوگا اگر ایسا شخص یا ادارہ حقائق چھپا کر کامیاب بھی ہو جائے تو اسکی سیکورٹی ضبط کر کے منڈی دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔

11۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33 کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کو مصالحت کے لئے بھیجا جائیگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

13۔ دیگر شرائط و ضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کی جا سکتی ہیں یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

14۔ ٹھیکیدار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے خرچ پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

15۔ Covid یا دیگر قدرتی آفات کی صورت میں محکمہ کسی قسم کے نقصان و تاوان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

مشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

ٹیکسلا چھاؤنی